RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ٥١ | روز دوشنبہ تاریخ ١٩ دسمبر ١٨٩٢ء مطابق ٢٨ جمادی الاول ١٣١٠ھ | جلد ٢

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر نسبت تقرر مسٹر ناگ جی	١	٦	اضافہ امتیاز علی خان ...	٢
	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ...	٢	٧	... منشی پیارے لال	٢
٢	... رخصت صاحب ...	٢	٨	حکم صاحب سکریٹری بہادر ... رخصت ... حسنی خان	٢
٣	روبکارات صاحب ریونیو ممبر بہادر دربارہ اقرارنامہ ...	٢	٩	نقشہ ... سنٹری کمشنر	...
٤	... خان ...	٢	١٠	... میونسپل کمیٹی تحصیل رامپور	...
٥	رخصت منشی مشتاق لال ...	٣	١١	نقشہ حیات و ممات ...	...

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

نقل

١٢ دسمبر ١٨٩٢ء

حسب ملاحظہ یادداشت صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم تقرر مسٹر ناگ جی کو برعہدہ ہیڈ ماسٹری اسکول انگریزی بمشاہرہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہانہ امتحاناً تین ماہ کیواسطے یکم دسمبر سنہ حال منظور کیا گیا۔

(دستخط)

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحیدالدین صاحب بہادر سکرٹری اے ممبر صیغہ جوڈیشل مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۸۹۲ء

ہم حصول رخصت کی بابت یہاں خلاف قاعدہ کارروائی دیکھتے ہیں درخواست رخصت میں وہ نہیں لکھا ہوتا ہے کہ اس شخص نے کب سے رخصت نہیں لی ہے اور اسکے کام کا ایام رخصت میں کیا انتظام کیا گیا اور رخصت عارضی چاہی جاتی ہے یا کیا اور وہ استحقاق متعلق ہونے کا رکھتا ہے یا نہیں اور اگر بیماری کی وجہ سے رخصت چاہی جاتی ہے تو کیفیت ڈاکٹر شامل نہیں ہوتی اور جو شخص علاوہ بیماری کے رخصت چاہے تو درخواست میں صراحت کر دیا جاوے کہ وہ مقدار تنخواہ کا مستحق ہوگا۔ پس آیندہ سے کوئی درخواست رخصت نہ لیجاویگی تاوقتیکہ ان جملہ مراتب کی صراحت نہو گی اور بذریعہ نقشہ منطوفہ درخواست رخصت کیجاوے افسران متعلق ان جملہ مراتب کا خیال رکھیں بنا بران۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا معہ نقشہ بغرض اندراج گزٹ بنا بر اطلاع وکارروائی حسب منشاء روبکار ہذا مطبع کو بھیجی جاوے۔

دستخط [illegible]

نقشہ رخصت ملازمان واقع ۱۸۹ سنہ ء

نام و عہدہ ملازم	تعداد رخصت جو پہلے لی	تنخواہ جو درخواست کنندہ	تاریخ رخصت		[illegible]	کیفیت	[illegible]
			از	تا			
۱	۲	۳	۴		۵	۶	۷

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۱۳ دسمبر ۱۸۹۲ء

یادداشت صاحب مجسٹریٹ ضلع بدرخواست عطائے رخصت از ۲۴ دسمبر سنہ حال بوجہ روانگی بعلاقہ زمینداری خود علاوہ تعطیل پیش ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی۔ کام مجسٹریٹی کا منشی ... اسسٹنٹ مجسٹریٹ اور کام اسٹنٹ مجسٹریٹی کا صاحبزادہ اشفاق حسین ممبر ... انریری مجسٹریٹیاں انجام دینگے۔

دستخط [illegible]

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر۔

واقع ۱۲ دسمبر ۱۸۹۲ء

ٹھیکہ داران عمارت کو واسطے پکانے خشت کے جبقدر ضرورت لکڑی کی ہوتی ہے اور اس غرض سے وہ باغات معافی پر باغان خرید کرکے اجازت قطع کی چاہتے ہیں چونکہ بجائے درختان مقطوعہ جدید درختوں کا نصب ہونا ضروری ہے لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پدیاران سے ایک اقرار نامہ میعادی تین ماہ معرفت تحصیلدار حاصل کیا جاوے کہ وہ درختان جدید نصب کرلیوینگے ورنہ معافی ضبطی ہوگی اور تعداد درختان کے بحساب ۵ فیصدی تاوقتیکہ درختان جدید نصب کیجاویں امانت تحصیل میں رہیں اور بعد اطمینان اسکے کہ موافق شرط اقرار نامہ درخت نصب کردئے گئے وہ روپیہ دیا جاوے بعد تکمیل ایسے اقرار نامہ کے اجازت فروخت و قطع دیجاوے تحصیلداران علاقہ اس تعمیل کے ذمہ دار ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بطور سرکلر کے بغرض اطلاع و تعمیل تحصیلداران گزٹ میں شائع ہو وے۔

دستخط [illegible]

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۱۲ دسمبر ۱۸۹۲ء

بوجہ علالت منشی ... سنگھ پیشکار سررشتہ نالیات قانون کو رخصت یک ماہ بلا وضع تنخواہ عطا کی گئی اور بجائے اونکے لالہ حکم سنگھ سابق پیشکار تخفیف شدہ منشی مال جو بیکار ہیں اوسی مشاہرہ پر جو حکم سنگھ کو ملتا تھا مقرر کئے گئے

[illegible]

اضافہ

۱۳ دسمبر ۱۸۹۲ء

امتیاز علیخان نائب منصرم تحصیل نے فراہمی درختان میں محنت بہت کی کام اونکا پسند ہے چونکہ اونکو صیغہ مال سے ... ماہوار تنخواہ ملتی ہے اسلئے یکم ماہ حال سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

احکام مشابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۴ دسمبر ۱۸۹۲ء

ہر ماہ کی اخیر پر یعنی ہفتہ اول ماہ آئندہ میں سب تحصیلات کی توزیعات وصول مالگذاری وغیرہ کا نقشہ ملاحظہ ہونا چاہئے اب تک یہ کام لالہ پرمیسری داس صاحب و منشی پیارے لال کے تعلق تھا لیکن لالہ صاحب کا کام اب تخفیف میں ہے لہذا بجائے لالہ صاحب کے منشی پیارے لال سب جگہ کا کام ... کریں معہ اپنی رپورٹ کے بعد ملاحظہ خود ہر ماہ تاریخ ہمارے سامنے بذریعہ ... پیش کیا کریں۔ روبکار درج گزٹ ہو۔

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر

رخصت

۱۲ دسمبر ۱۸۹۲ء

حسب درخواست نجم الغنی خان مولف ثانی تا تاریخ ... رخصت ... بغرض روانگی ... عطا ہوئی۔

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۵ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ شد درج گزٹ ہو

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

محمد علی رضا خان صاحب تحصیلدار بلاسپور صدر نشین
سید غلام شبیر صاحب نائب تحصیلدار تحصیل بلاسپور سکرٹری

اسمائے شرکا جلسہ

ملازمین

(۱) محمد معشوق علی گرداور قانونگو ممبر
(۲) منشی نہال الدین عرائض نویس
(۳) لالہ گنیشی لال تحویلدار
(۴) منشی [illegible] داروغہ صفائی۔

غیر ملازمین

(۱) لالہ بادھو رام ساہو ممبر
(۲) محمد دیدار شاہ خان ممبر
(۳) لالہ کنہی لال بزاز ممبر
(۴) محمد حیات خان ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ قصبہ بلاسپور میں جیسا کہ مکان زنانہ کاشی رام کھتری متصلہ کوچہ لالہ بادھو رام صاف نہیں رہتا اور آب غلیظ اور متعفن اوس میں سے کوچہ اندر ہر وقت میں جاری رہتا ہے جس سے باعث تکلیف انسان اور پیدائش امراض متصور ہے اسکا کچھ انتظام ہونا چاہیئے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ کاشی رام کھتری کو معرفت محرر صفائی فہمائش و تاکید کیجاوے کہ انسداد آب غلیظ کرکے آئندہ کبھی راستہ میں پانی خراب نہ جاری ہونے پاوے ورنہ اوسے بازپرس کیجاویگی۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔ ملاحظہ شد ۲۵ نومبر ۱۸۹۲ء
۲۔ [illegible] سیٹ صفائی بلاسپور کی رپورٹ ہے کہ منگوا خاکروب نے اپنے حلقہ کی صفائی اکثر مقاموں پر اچھی نہیں کرتا لہذا	بالاتفاق تجویز ہوا کہ سیٹ صفائی اوسے اچھی طرح [illegible] محرر صفائی منگوا خاکروب بہ تاکید سخت کریں کہ آئندہ وہ کام صفائی متعلقہ خود بہت

اسمبارہ میں انتظام مناسب ہونا چاہیے ۔

صحت سے اچھی طرح کرے ورنہ بحالت [illegible] موقوفی خاکروب مذکور کیجاویگی ۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا

صحیح دستخط [illegible] خان

ملاحظہ شد ۲۵ نومبر سنہ ۱۹۲ء

---

۳ ۔ بلاسپور کے بازار میں پیشیں دکانات حلوائیان کیچڑ پانی اکثر رہتا ہے جس سے باعث بدنمائی و تعفن ہیرہ کا ہے ۔ اس باب میں تجویز مناسب ہونا چاہیے ۔

بالاتفاق تجویز ہوا کہ فوراً حلوائیان کو ممانعت و فہمایش کیجاوے کہ آیندہ پیش دکانات متصل و سکے پانی کیچڑ نہ رکھا کریں اور نشیب فراز کو بھی ہموار کر دیں ۔ ورنہ باعث [illegible] ہوگا صدر نشین صاحب بھی متفق ہوے ۔

صحیح دستخط [illegible] خان

ملاحظہ شد ۲۵ نومبر سنہ ۱۹۲ء

---

۴ ۔ تبہ ہاے برنجی سرکار سے جو خاکروبان صفائی بلاسپور کو ملے ہیں وہ اونکا استعمال بندش برباز رسے دست کش ہوگئے ہیں جس سے ہر ایک کی شناخت میں نہیں آتے لہذا اونکو پابندی تاکید ہونی چاہیے ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی و نقیب میونسپلٹی تاکید خاکروبان ملازم صفائی پر کر دیں کہ آیندہ برخلاف گذشتہ استعمال تبہ ہاے کریں ورنہ تدارک ہووے گا ۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا ۔

صحیح دستخط [illegible] خان

ملاحظہ شد ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا بنابر اندراج گزٹ مشتہر کیا جاوے

رپورٹ منشی لیاقت حسین نائب کمشنر

جناب عالی

نقشہ کارگزاری بابت ماہ نومبر ۱۸۹۲ء بذریعہ رپورٹ ہذا پیش کرتا ہوں ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ اس مہینے میں پندرہ روز دورہ اور تین روز بکار سرکار اور بارہ یوم بوجہ علالت بحصول رخصت رام پور میں قیام ہوا۔

دولت جاوید باد

نقشہ کارگذاری سنٹری کمشنر ریاست رامپور بابت ماہ نومبر ۱۸۹۲ء متعلق گشت گرداوری

تاریخ قیام بمقام	نام مقام جہاں سے روانگی	تعداد فاصلہ	نام مقام جہاں پہنچے	کیفیت معائنہ و کام
یکم نومبر ۹۲ء	طالب پور	۶ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات حضور تحصیل
۲ لغایت ۱۴ نومبر ۹۲ء	.	.	"	بوجہ علالت رخصت حاصل کی گئی اور شہر میں رہکر علاج کیا
۱۵ نومبر ۹۲ء	.	۳ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات الٰہ پور - منصور پور - اجیت پور - منڈیان ... - منڈیان بہو -
۱۶	.	"	"	...نگر بین پوری - جھبیا - بگی - ناتکارہ
۱۷	.	"	"	اجی پور - کاشی پور - مزرعہ کاشی پور - ...
۱۸	.	"	"	منڈیان بے نظیر - سنگن کھیڑہ - روہنہ وغیرہ
۱۹	رامپور	۱۰ کوس	ملک خانم	معائنہ شفاخانہ و صفائی مواضعات ... پور - ... منگلہ جاہل - عظیم نگر - مڈیان مولی - بساٹ - شہزادنگر
۲۰	ملک خانم	۸ کوس	سوار	بگی - کھرپا - ... - جیجر ڈلاری - ... کھیڑہ - امرتا - بھگیا - اسمالت پور - فوگزا - ... - سولپورہ -
۲۱	.	.	"	جالف نگلہ - کھوسی پورہ - مزرعہ سوار - کھرلا - ستہلا - ملک سہلا - سوانہ -
۲۲	.	.	"	شفاخانہ و صفائی تحصیل سوار و صفائی مواضعات ... نگر - ... - کھوہ - جاو - پورہ - ... سواسی -
۲۳	.	.	"	... - لال پور - سوا کھیڑہ - چندر پوری - فاضل پور - دھنوری - ... پور - کھوسی پورہ -
۲۴	سوار	۸ کوس	ٹانڈہ	معائنہ شفاخانہ و صفائی تحصیل ٹانڈہ -
۲۵	ٹانڈہ	۸ کوس	اکبرآباد	... پورہ - ... نگر - نرائن پور - دھن رامپور - ... - ... - ... پور - ... کھیڑہ - اکبرآباد -
۲۶	.	.	"	شمس آباد ... - جمال گنج - ... - ... - ... پورہ - ... -
۲۷	اکبرآباد	۸ کوس	لابنا کھیڑہ	لابنا کھیڑہ - منڈیان حسن - ... پورہ - مزرعہ ... پورہ - ... پورہ -
۲۸	لابنا کھیڑہ	۷ کوس	رامپور	... نگر مزرعہ ... نگر - ... - یوسف نگر - ... - لال پور - سنگن کھیڑہ -

اس مہینہ میں پندرہ یوم دورہ کیا اور تین یوم بکار سرکار اور بارہ یوم بوجہ علالت معمول رخصت رامپور میں قیام ہوا -

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور -

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۳ لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل فوتی: مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر	۲۳	۶	۲۳	۴	۵۴	۴۹	۱۰	۱۰	۸	۲	۰	۱۲	۱۳	۳۱	۴۰	۱۳	۴۶	۰	۲	۰	۴۹	۵۱	۰
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ علیحدہ
شاہ آباد	۵	۱۲	۶	۱۸	۴۴	۱۱	۴۳	۴	۹	۰	۱	۱۸	۲۲	۲۲	۴۹	۱۹	۴۲	۰	۰	۳۰	۲۱	۵۱	۰
ملک	۱	۱۳	۰	۵	۱۹	۱	۱۵	۸	۹	۰	۱	۰	۲	۱۵	۹	۵	۱۹	۰	۱	۱۰	۱۳	۲۲	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ علیحدہ
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
دوانگرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
میزان	۲۹	۳۵	۲۹	۲۶	۱۱۹	۵۸	۹۲	۲۲	۱۹	۲	۲	۴۳	۳۵	۹۹	۲۸	۳۹	۹۸	۰	۳	۴۰	۸۳	۱۳۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۳ لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	دوانگرہ	کیفیت
گندم	۰	۱۲-۱۰ار	۱۲ار	۰	۱۲ار	۰	حضور تحصیل و سوار و دوانگرہ کا نقشہ علیحدہ
نخود خالص	۰	۱۸	۱۶-۱۰ار	۰	۱۹ار	۰	
نخود گندم آمیز	۰	۱۵ار	۱۹ار	[illegible]	۲۲-۱۰ار	۰	
کنگنی	۰	-	۲۰ار	۰	۲۵ار	۰	
ماش	۰	۹ار	۱۸-۱۰ار	۰	۱۲ار	۰	
مونگ	۰	۹ار	۱۴-۱۰ار	۰	۱۵ار	۰	
مکا	۰	۲۶ار	۲۲-۱۰ار	۰	۰	۰	
جنی	۰	۱۹ار	۲۲ار	۰	۲۸ار	۰	
کو جنی	۰	۱۸ار	۱۵ار	۰	۲۰ار	۰	
عدس	۰	۱۹ار	۲۰ار	۰	۱۲ار	۰	
ارہر		۳۰ار	۲۰ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۴ار	۱۳ار	۰	۱۲ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ار	۱ار	۰	۱ار	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ار	۳ار	۰	۲ار	۰	
روغن [illegible]	۰	۲ار	۱ار	۰	۰	۰	
نمک سامبھر	۰	۸ار	۹ار	۰	۸ار	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۶ار	۰	۶ار	۰	
قند سیاہ	۰	۸ار	۹ار	۰	۱۱ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور